غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST

مرتب کردہ:
ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ

اپریل 2007
شمارہ نمبر 21

**قرآن پاک**

"جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کی مثال ایسی ہے جیسے ایک دانہ بویا جائے اور اس سے سات بالیں نکلتی ہیں اور ہر بالی میں سو (۱۰۰) دانے ہوں"۔

**حدیث پاک**

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "جب انسان مر جاتا ہے تو اس کے عمل (کا ثواب) کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے مگر تین کاموں کا ثواب برابر جاری رہتا ہے اوّل صدقہ جاریہ، دوم علم جس سے نفع حاصل کیا جائے سوم اولادِ صالح جو مرنے کے بعد اس کے لیے دعا کرتی ہے"۔

144/2۔ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون: 042-5882939,5850966
Visit us: www.get.org.pk
E-mail: info@get.org.pk

## حرفِ آغاز


غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ پاکستان کے تعلیمی افق پر جگمگانے والے اداروں میں اب ایک نمایاں حیثیت کا حامل ہے۔ دیہی پاکستان میں کام کرنے والے اس فلاحی و غیر تجارتی ادارے نے پسماندہ اور غریب آبادیوں میں 267 سکولز قائم کر کے ایسے محبّ وطن اور حساس لوگوں کو اپنی جانب متوجہ لیا ہے جو تعلیم کے ذریعے غریب و امیر دیہاتی و شہری اور محروم و متموّل کی پاٹنا چاہتے ہیں۔ ان اداروں میں 30000 سے زائد بچیاں اور بچے پورے اطمینان سے اپنا تعلیمی سفر جاری رکھے ہوئے ہیں۔ جنہیں 1400 کے لگ بھگ اساتذہ، خدمتِ عوام کے جذبے، تعمیرِ وطن کی اسپرٹ اور قومی فریضے کی بجا آوری کے تحت پڑھا رہے ہیں۔ غزالی ٹرسٹ سکولز کی سب سے اہم انفرادیت یہ ہے کہ یہ تمام سیٹ اپ مخلص لوگوں، ہمدرد خاندانوں اور پرعزم پاکستانیوں کے دم سے رواں دواں ہے۔

سیشن 2007ء کے تعلیمی سال کا آغاز ہو چکا ہے ہماری خواہش اور عزم ہے کہ گمنام، دور دراز اور محروم بستیوں میں علم کا یہ اجالا پوری آب و تاب سے پھیلتا رہے، سکول آباد رہیں قلم میں روشنائی اور کتاب کی رہنمائی جاری رہے کیونکہ ترقی کا راستہ قلم اور کتاب سے ہو کر گزرتا ہے، کچے گھروندے، دھواں اگلتی چمنیوں اور لہلہاتی فصلوں کے درمیان ہمارے بچوں کو روشنی بھی ملے اور چھت بھی، پانی بھی میسر ہو اور قلم بھی، یہ سب ممکن ہے مگر آپ کے تعاون سے اگر روشنی کے اس سفر میں ایک ایک فرد کسی ایک کام کی ذمہ داری اٹھا لے۔ کہیں تاحیات ممبر بن کر یا کہیں سکول بنا کر یا اپنا کر، ایک طالبعلم یا ایک طالبہ کو تعلیم کا سہارا دے کر تو کہیں اپنے رضاکارانہ، مخلصانہ جذبے اور صلاحیت کو عمل میں لا کر۔

آیئے! خود آگے بڑھیں اور دوستوں کو بھی آمادہ کریں تاکہ امید کا سفر، علم کی روشنی اور تعاون کا یہ سلسلہ دراز سے دراز تر ہوتا چلا جائے۔ (ان شاءاللہ)

سید وقاص انجم جعفری
صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

## ایک خوشی، ایک مسکراہٹ! کا خریدار کون بنے گا؟





**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ** اپنے قیام کے آغاز ہی سے اپنے سکولوں میں پڑھنے والے یتیم اور غریب بچوں و بچیوں کی کفالت کے سلسلے میں پُرعزم رہا ہے اور یہ سلسلہ آج تک بغیر کسی تعطل کے جاری ہے۔ پاکستانی معاشرے میں اچھے لوگوں کی تعداد بہت زیادہ ہے اور اس کا اظہار وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ اس سال بھی اپنے ہمدرد اور پُرخلوص لوگوں کے تعاون سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے اپنی سابقہ روشن روایات کے مطابق تعلیمی سال کے آغاز پر یتیم اور نادار طلبہ و طالبات کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے سامان غزالی ہیڈ آفس سے پاکستان کے مختلف علاقوں میں روانہ کیا۔ اُمید ہے یہ سامان ضرورت مند اور یتیم بچوں کے لئے ایک دائمی خوشی اور مسکراہٹ کا سبب بنے گا۔ یہ سامان بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبر جناب عامر محمود چیمہ نے پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) کے مینجر شہید الحق ظفر کے سپرد کیا۔ اس سامان میں یتیم اور نادار بچوں کیلئے سکول بیگ، یونیفارم، جوتے اور سال بھر کی کتابیں، اسٹیشنری وغیرہ شامل ہیں۔

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اپنے محدود وسائل کے باوجود اللہ تعالیٰ کے فضل اور معاشرے میں موجود ہمدرد اور پُرخلوص حضرات کے تعاون سے خدمت کو نہ صرف جاری رکھے ہوئے ہے بلکہ وہ اس سلسلہ کو مزید وسعت دینے کے عمل کا بھی آغاز کر چکا ہے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے اس تجربے نے معاشرے میں موجود جہالت کے اندھیرں میں اُمید کی شمع روشن کی ہے۔ الحمدللہ ٹرسٹ کو اہل درد اور اہل خیر کا ہمیشہ سے تعاون حاصل رہا ہے۔ یہ تعاون پاکستانی معاشرے کی زندہ دلی کی مثبت تصویر پیش کرتا ہے۔

عامر محمود چیمہ نے اس موقع پر اُن تمام خواتین و حضرات کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے یتیم و نادار بچوں و بچیوں کے تعلیمی سلسلے کو جاری رکھنے میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی مدد کی ہے۔

## ذمہ دارانِ ٹرسٹ کے دورہ جات


★ **محمد مشتاق مانگٹ سیکرٹری جنرل**
غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے گزشتہ ماہ (Earth Quake Areas) بسیاں اور برارکوٹ کا دورہ



کیا۔ ٹیچرز سے ملاقاتوں کے بعد انہوں نے کلاس رومز اور تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ تعمیرات کے حوالے سے یہ طے کیا گیا کہ سکولز کی تعمیر کا کام چار ماہ کے اندر مکمل کرلیا جائے گا۔ علاوہ ازیں انہوں نے سکولز کے بچوں میں تحائف تقسیم کیے اور اساتذہ کی کارکردگی کو سراہا۔

### دورہ ایگزیکٹوڈائریکٹر

★ **سید عامر محمود ایگزیکٹوڈائریکٹر**
غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور جنت الفردوس کی چیئرپرسن محترمہ شمیم جو کہ برمنگھم (UK) سے تشریف لائی ہیں، نے گزشتہ ماہ غزالی ایجوکیشن سکول برارکوٹ اور بسیاں کی تعمیر کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب سے



خطاب کرتے ہوئے سید عامر محمود نے کہا کہ زلزلہ کے باعث تعلیمی عمارات کی تباہی اور طلباء اور اساتذہ کی شہادت کے باعث متاثرہ علاقوں میں تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی ہمارے لیے ایک اہم چیلنج ہے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے ہوئے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں اب تک نو سکولز قائم کر چکا ہے۔ جس کے نتیجے میں 1238 سے زائد طلبہ وطالبات اپنا منقطع تعلیمی سفر پھر سے شروع کر چکے ہیں۔ اس موقع پر محترمہ شمیم نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ ہم نادار اور یتیم بچوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ علاوہ ازیں اس تقریب میں معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور ٹرسٹ کی کوششوں کو سراہا۔

★ **سید عامر محمود ایگزیکٹوڈائریکٹر**
غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے گزشتہ دنوں لاہور، شیخوپورہ، ملیاں، مریدکے اور ہردیو کے غزالی سکولز کا دورہ کیا۔ انہوں نے سکول کے بچوں اور اساتذہ سے ملاقات کی اور اساتذہ کو ہدایت کی کہ وہ طلباء کی تعمیرِ سیرت پر خصوصی توجہ دیں اور ان معصوم بچوں کو مستقبل کے لیے معاشرے کا بہترین فرد بنائیں، یہی غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا بنیادی مقصد ہے۔ بعد ازاں انہوں نے سکولز کی کارکردگی کے جائزہ کے لیے مکمل ریکارڈ بھی چیک کیا۔ ایگزیکٹوڈائریکٹر کے دورہ جات میں پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) کے منیجر شہید الحق ظفر اور LACD کے پروگرام آفیسر حافظ شبیر الدین بھی ہمراہ تھے۔

### ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل کی ARY ٹیلی ویژن کے پروگرام میں شرکت

★ **ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل**
وائس چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے ARY ٹیلی ویژن کے پروگرام "آغاز" میں شرکت کی۔ ربیع الاول اور ہماری ذمہ داریاں کے موضوع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ نے اسلام کیلئے اچھے اخلاق کے سرمائے کو بنیاد بنایا۔ اس وقت صرف مسلمانوں کے ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کے مسائل کا حل رسول ﷺ کی سیرت پر عمل کرنے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج مسلمانوں میں سائنس و ٹیکنالوجی کی نسبت اخلاقی پستی بہت زیادہ ہے۔ مزید براں اس پروگرام میں ملک کے دیگر مفکرین نے بھی سیرتِ رسول ﷺ کے اخلاقی پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔

### چرچ ورلڈ سروس کے زیر انتظام تعلیمی دورہ

★ **چرچ ورلڈ سروس** کے زیر اہتمام دو روزہ معلوماتی و تعلیمی ٹور منعقد کیا گیا جس میں پروگرام آفیسر (PREP) ندیم اشرف باجوہ، شہزاد علی ڈی ایم ایس لاہور و شیخوپورہ و دیگر نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی نمائندگی کی۔ دوران ٹور اس کاروان نے پاکستان رورل سپورٹ پروگرام (PRSP) کے زیر انتظام دیہات کے مختلف سکولوں کا بھی دورہ کیا۔ پورے پاکستان سے مختلف NGO,s کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر شُرکائے ٹورز کو غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے کام کے پھیلاؤ اور کارکردگی کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔

### لوکل سکول کمیٹی (LSC) اور سٹاف میٹنگ

**چک نمبر 25 گ ب ٹوبہ ٹیک سنگھ**
میں لوکل سکول کمیٹی اور سٹاف میٹنگ کا اہتمام کیا گیا جس میں سید عامر محمود ایگزیکٹوڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے خصوصی شرکت کی۔ اس میٹنگ میں سکولز کی بہتری بارے ڈسکشن ہوئی بعد ازاں سکولز کی کارکردگی کا مجموعی جائزہ لیا گیا۔ علاوہ ازیں LSC اور سٹاف کے تمام ممبران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے طریقہء تدریس کو مزید مؤثر بنائیں گے۔

### بیرون ملک احباب کے اعزاز میں ظہرانہ

**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ** کے صدر سید وقاص جعفری کی طرف سے گزشتہ دنوں بیرون ملک سے آئے ہوئے احباب کے لیے ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں نصر الدین (کویت)، محمد اظہر علی (ناروے)، میاں وقاص وحید (ناروے)، یونس شاہد (امریکہ)، نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس ظہرانہ میں ذمہ داران ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، عامر محمود چیمہ اور سید عامر محمود بھی شریک ہوئے۔

### کورس کی تکمیل کے بعد ایگزیکٹوڈائریکٹر کی UK سے واپسی



**سید عامر محمود**
ایگزیکٹوڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے ڈیڑھ سال کی رخصت کے بعد UK سے پروجیکٹ مینجمنٹ میں ایم ایس مکمل کر کے ٹرسٹ میں دوبارہ اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ ادارہ امید کرتا ہے کہ انکے اس کورس کی تکمیل، ٹرسٹ کے کام کو مزید پیشہ وارانہ انداز سے آگے بڑھانے میں مدومعاون ثابت ہوگی۔


### پلاننگ برائے نیشنل کیلی گرافی نمائش 2007ء

★ **غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ** نے اپنی سابقہ شاندار روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس سال بھی قومی نمائش خطاطی 2007ء کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس نمائش کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایگزیکٹوڈائریکٹر ٹرسٹ عامر محمود جعفری کی زیرِ صدارت اجلاس ہوا۔ جس میں کیلی گرافر ایسوسی ایشن آف پاکستان کے نائب صدر جناب خورشید عالم گوہر قلم نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس میٹنگ میں نمائش کو حتمی شکل دینے کے لیے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔

### ششماہی جوائنٹ ڈی ایم ایس میٹنگ

**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ** وقتاً فوقتاً اپنے کام کے جائزہ اور کارکردگی کے بارے میں مختلف سطحوں پر ورکشاپس اور گروپ ڈسکشن کا اہتمام کرتا رہتا ہے تاکہ پلاننگ کو زیادہ سے زیادہ مؤثر بنایا جاسکے۔







حال ہی میں لاہور میں دوروزہ ششماہی جوائنٹ ڈی ایم ایس میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں ذمہ داران ٹرسٹ سید وقاص انجم جعفری، سید عامر محمود، عامر محمود چیمہ، شہید الحق ظفر و دیگر نے ہیڈ آفس کی طرف سے شرکت کی جبکہ ٹرسٹ کے تمام ریجنل منیجر و ڈسٹرکٹ منیجر بھی شریک ہوئے۔ میٹنگ میں گزشتہ چھ ماہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ چھ ماہ کے اہداف کا تعین کیا گیا۔

## ہمارے مہمان


ٹرسٹ کی ہمیشہ یہ خواہش رہی ہے کہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات کوفروغِ تعلیم کی اس عظیم جدوجہد سے آگاہ رکھا جائے اوران کی مفید مشوروں سے استفادہ کیا جائے۔اسی سلسلے کے تحت گزشتہ دنوں درج ذیل شخصیات نے مرکزی دفتر کا دورہ کیا اور ذمہ داران ٹرسٹ سے ملاقات کی۔

★ **غزالی ایجوکیشن فورم ناروے** کے سرگرم رکن محمد اظہر علی چوہدری نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید عامر محمود کی خصوصی دعوت پر ہیڈ آفس تشریف لائے۔یادرہے کہ فیصل آباد غزالی سکول اڈا پل 93، اظہر علی چوہدری کے خصوصی تعاون سے ترقی کی منازل طے کررہاہے۔انہوں نے ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کے دورے کے دوران ذمہ دارانِ ٹرسٹ سے ملاقات کی اور ادارہ کی بہتری کے حوالہ سے تبادلہ خیال کیا۔بعد ازاں سید عامر محمود اور اظہر علی چوہدری نے غزالی سکول اڈا پل93 کا تفصیلی دورہ کیا اور تعمیرات کا جائزہ لیا۔

★ **امریکہ سے** سیکڑی جنرل فاونڈیشن آف فیتھ فل (FOF) جناب یونس شاہد نے غزالی ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔انہیں Earthquake Areas میں چلنے والے سکولوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔انہوں نے سکولز کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور امریکہ میں ٹرسٹ کے کام کے بارے میں ذمہ داران سے تبادلہ خیال کیا۔علاوہ ازیں انہوں نے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں قائم غزالی سکولوں کا دورہ بھی کیا۔

★ **چیئرمین READ فاؤنڈیشن** جناب محمود احمد، سید عامر محمود ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ٹرسٹ کی خصوصی دعوت پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس لاہور تشریف لائے۔انہوں نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران و دیگر ذمہ داران ٹرسٹ کے ساتھ مختلف نشستوں میں اظہارِ خیال کیا۔انہوں نے READ فاؤنڈیشن کے وسیع نیٹ ورک کے بارے میں ذمہ دارانِ ٹرسٹ کو آگاہ کیا۔بعد ازاں اُن سے سوالات وجوابات کی نشست بھی ہوئی۔

★ **Newhampshir سٹی امریکہ** کے معروف فزیشن ڈاکٹر شجاع السلیم غزالی ٹرسٹ ہیڈ آفس تشریف لائے۔صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جناب سید وقاص انجم جعفری نے ان کا خیر مقدم کیا۔معزز مہمان نے ہیڈ آفس میں



مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کیا اور معلومات حاصل کیں۔انہیں ٹرسٹ کی خدمات اور ہونے والی اہم پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔انہوں نے ٹرسٹ کی تعلیمی جدوجہد پر اطمینان کا اظہار کیا۔یاد رہے کہ وہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے لائف ٹائم ممبر بھی ہیں۔





★ **والنٹیر سروس آرگنائزیشن** (VSO) کی طرف سے محترمہ حمیرا حسن نے غزالی ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ان کو ٹرسٹ کے مختلف شعبہ جات، ٹرسٹ کی خدمات اور کوششوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی جس پر انہوں نے ٹرسٹ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور VSO کی طرف سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔بعد ازاں حمیرا حسین نے VSO کے پاکستان پروگرام کے حوالے سے تفصیلی تبادلۂ خیال کیا۔غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے فنانس مینجر محسن بشیر اور VSO کی مس محفوظہ بھی اس میٹنگ میں شریک تھیں۔

## طلباء کا اعزاز

★ غزالی سکول ملیاں ضلع میانوالی کے طالب علم محمد بلال رانا نے پانچویں کے سالانہ امتحان میں 249/300 نمبر حاصل کر کے ضلع بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی اور سکالر شپ کے لیے منتخب ہوئے۔علاوہ ازیں سکول ہذا کے طالبعلم ہمایوں اعجاز نے بھی نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور سکالرشپ کے لیے منتخب ہوئے۔

★ پراجیکٹ LEAPS پنجاب کے تین اضلاع فیصل آباد، اٹک، رحیم یار خاں، میں کام کررہاہے۔ان کا کام یہ تحقیق کرنا ہے کہ تمام گورنمنٹ و پرائیویٹ سکولوں میں معیار تعلیم کیسا ہے؟ اور اس کو کیسے بہتر کیا جا سکتا ہے؟ یہ تحقیق امریکی یونیورسٹیوں کے چند پاکستانی پروفیسرز و دیگر ماہرین، اور محکمہ تعلیم پنجاب کے باہمی اشتراک سے کی گئی ہے۔خوشی کی بات یہ ہے کہ اس سروے کے مطابق غزالی سکول 78 ج جودی اور غزالی سکول سسٹم 30 گ ب فیصل آباد (جنوبی) جماعت سوئم اور پنجم کے تمام بچوں نے شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔LEAPS کے سروے کے معیار کے مطابق ان بچوں نے بہت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ ان ذہین اور ہونہار طلباء کو مزید کامیابی عطا فرمائے۔(آمین)

★ **یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی** کے پروفیسر جناب عبدالغفار غفاری نے گزشتہ دنوں غزالی ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ان کیساتھ شعبہ RMD کی خصوصی میٹنگ ہوئی جس میں ریسورس موبائلائیزیشن اور اس کی بہتری کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔اس میٹنگ میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ سید عامر محمود، منیجر پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) شہید الحق ظفر، اسسٹنٹ پروگرام آفیسرز عاطف فاروق اور شاہد سعید و دیگر نے شرکت کی۔

## تربیتی ورکشاپ برائے اساتذہ

★ کسی بھی قوم کی تشکیل و تعمیر نو میں استاد ایک بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔وہ اپنے قول وعمل سے ابدی سچائیوں کی تعلیم دیتا ہے اور اپنے متعلمین کو علم و عمل کی حقیقتوں سے روشناس کراتا ہے گویا کہ ایک استاد کی سب سے اہم اور بنیادی ذمہ داری جہاں تعلیم کی ترویج و اشاعت ہے وہیں پر تعمیرِ سیرت و کردار کا اہتمام کرنا بھی ہے۔انسان سازی کی انہی رفعتوں کے حصول کیلئے غزالی ہیڈ آفس شعبہ R&D کی طرف سے گزشتہ ماہ




درج ذیل شہروں میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے اساتذہ کے لیے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا جس میں وہاڑی، ملتان، خانیوال، مظفر گڑھ، ڈی جی خاں اور شیخوپورہ غزالی سکولز کے اساتذہ کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی اور استفادہ کیا۔

## غزالی سکولز ---- کھیل اور تفریحی دورہ جات

صحتمند جسم کے اندر ہی صحتمند دماغ ہوتا ہے۔ طلبہ کی جسمانی نشو ونما بڑھانے کیلئے سکولوں میں سپورٹس پروگرامات جبکہ علمی و معلوماتی پروگرامات کرانا غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی بہترین روایات میں شامل ہے۔ اس سلسلے کی کچھ سرگرمیوں کا احوال ذیل میں پیش کیا جا رہا ہے۔

### غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول ہردیو شیخوپورہ (بوائز)

★ ہردیو سکول کا مطالعاتی کارواں لاہور پہنچا۔ سکول کے بچوں نے بادشاہی مسجد، مزارِ اقبال، شاہی قلعہ، جلو پارک اور بالخصوص واہگہ بارڈر کی سیر کی۔ دوران سیر بچوں نے وطن سے محبت کے اظہار کے لیے ملی نغمے گائے جو دیکھنے اور سننے والوں کے لیے جذبات سے بھرپور تھے۔

### غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول صفدر آباد

★ گزشتہ دنوں GET سکول صفدر آباد کے بچوں کا قافلہ سیر کے لیے لاہور پہنچا مینار پاکستان سے ہوتے ہوئے شرکائے ٹورز نے سائنس میوزیم کا مطالعاتی دورہ بھی کیا۔ لاہور سے یہ قافلہ شیخوپورہ رکا جہاں بچوں نے جوائے لینڈ پارک کی سیر کی اور لطف اندوز ہوئے۔


### غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز ضلع رحیم یار خان کی سرگرمیاں

★ GET سکولز ضلع رحیم یار خاں میں سپورٹس ڈے منایا گیا جس میں حاجی پور، ظاہر پیر، البشیر، البلال، علی گڑھ، ٹھل حمزہ اور آکسفورڈ کی ٹیموں نے حصہ لیا، یہ مقابلے کرکٹ، لانگ جمپ، کبڈی، دوڑ، اور گولہ پھینکنے پر مشتمل تھے۔ سپورٹس ڈے کی اختتامی تقریب میں DMS اور UC ناظم نے خصوصی طور پر شرکت کی بچوں میں انعامات تقسیم کیے۔ اس کے علاوہ GET سکول حاجی پور کے بچوں کو ایک تفریحی پروگرام کے لیے تاریخی شہر ملتان لے جایا گیا۔ اسی طرح ٹھل حمزہ سکول کے بچوں کو ہیڈ پنجند کی سیر کرائی گئی۔ جبکہ GET سکول ظاہر پیر کے بچوں نے جھنگ جا کر عظیم شاہکار اور تاریخی مسجد کو دلچسپی سے دیکھا۔

### مینا بازار (شاہکوٹ)

★ گزشتہ ماہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول شاہکوٹ (خانیوال) میں Fun Fair مینا بازار کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں بچوں کے والدین کو خصوصی طور پر شرکت کی دعوت دی گئی۔ پروگرام کا آغاز کلاس دوئم کی طالبہ کشمالہ سجاد کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس میلہ میں کلاس کے جی، اول، دوئم، سوئم اور پنجم کے بچوں نے دلچسپ اور سبق آموز ڈرامے پیش کئے اور جذبہء جہاد سے بھرپور پی ٹی شو پیش کیا۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کی خود اعتمادی اور محنت دیدنی تھی جس پر آئے ہوئے مہمانان گرامی نے بچوں کی بہت تعریف کی اور غزالی سکولز کی تعلیم و تربیت کو سراہا۔






### یوم یکجہتی کشمیر ------ ضلع رحیم یار خان

★ " کشمیر ہماری شہ رگ ہے اور کوئی جسم اپنی شہ رگ کٹوا کر زندہ نہیں رہ سکتا۔ یہ بات ساری دنیا جان لے کہ ہم کشمیر کے مؤقف سے نہ تو پیچھے ہٹے ہیں اور نہ کبھی ہٹیں گے۔" کشمیر ڈے کے موقع پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ضلع رحیم یار خان کے تمام سکولوں میں یہ صدائے بازگشت سنائی دیتی رہی۔ ۵ فروری کو یہ دن نہایت جوش و جذبے کیساتھ منایا گیا۔ اس روز کشمیر کے شہدا کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ مزید براں غزالین نے کشمیری ترانے بھی گائے۔ آخر میں ہر جگہ پر کشمیر کی آزادی کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں کی گئیں۔

ے یاران جہاں کہتے ہیں کہ کشمیر ہے جنت جنت کسی کافر کو ملی ہے نہ ملے گی

غزالی ٹرسٹ سکولز ضلع ملتان، مظفر گڑھ، ڈی جی خان، وہاڑی، بہاولپور اور غزالی سکول مستانہ، غزالی سکول ڈھوک، غزالی سکول پنڈی و دیگر میں بھی اسی نوعیت کی مثبت سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ اس طرح سکول کے بچوں میں تعلیمی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ جسمانی صلاحیتوں کو نکھارنے کا بھی موقع ملا۔

## نئے سکولز

### ★ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ملتان

ریجن نے نئے تعلیمی سال کے آغاز پر جنوبی پنجاب کے مختلف دیہی علاقوں میں اپنے نیٹ ورک کو مزید وسعت دیتے ہوئے گزشتہ ماہ ضلع وہاڑی چک 10/WB اور ڈی جی خان دبئی ٹاؤن میں دو نئے سکولز کا آغاز کر دیا ہے۔ آج الحمدللہ وہاں تعلیمی سرگرمیاں عروج پر ہیں جبکہ اہلیانِ علاقہ و مؤثر شخصیات نے غزالی سکولز کے قیام پر غزالی ٹرسٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ٹرسٹ کی کاوشوں کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

### ★ گوجرانوالہ کی تحصیل نوشہرہ

بڑھا گورائیہ میں بھی ایک نئے سکول کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سکول کی افتتاحی تقریب میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ پریپ کے پروگرام آفیسر ندیم اشرف باجوہ نے خصوصی شرکت کی۔ اہلِ علاقہ اور معاونین کی کثیر تعداد نے اس تقریب میں شرکت کی جن میں شاہد حسن، ماسٹر عطاء اللہ، اعجاز احمد گورائیہ، محمد خالد سندھو، محمد شہباز گورائیہ، مبشر سعید، ڈاکٹر شوکت علی و دیگر شامل ہیں۔ علاوہ ازیں انہوں نے ٹرسٹ کی اس کاوش کو سراہا اور بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔


## غزالی ڈگری کالج برائے خواتین (GCW) لاہور کی سرگرمیاں

GCW لاہور میں طالبات کی خصوصی تربیت کے حوالے سے معلوماتی و علمی لیکچرز اور درس قرآن کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں حافظ محمد ادریس صاحب نے " موجودہ حالات کے تناظر میں خواتین کی ذمہ داریاں" صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص انجم جعفری نے "حُبِ رسول ﷺ اور اس کے تقاضے " ڈاکٹر طاہرہ مقبول نے "احکام ستر وحجاب" پر روشنی ڈالی۔ طالبات اور والدین نے فہم دین اور تربیت کے سلسلے میں غزالی کالج لاہور کی اس کاوش کو سراہا۔ علاوہ ازیں سال چہارم کی طالبات کے اعزاز میں ایک الوداعیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر طالبات نے خوبصورت خاکے، نظمیں، ترانے پیش کیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل غزالی کالج محترمہ میمونہ احمد صاحبہ نے کہا کہ طالبات کو چاہیے کہ اپنی عملی زندگی میں اپنے دین و مذہب کی تعلیمات اور اقدار و روایات کو اپنائیں۔

## تعمیرات برائے GET سکولز------ ایک جائزہ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ طلبہ وطالبات کیلئے بہترین ماحول فراہم کیا جائے اور سکولوں کی تعمیرات کو جدید تقاضوں کے عین مطابق بنایا جائے۔ اگرچہ وسائل محدود ہیں لیکن خوشی کی بات یہ ہے کہ برارکوٹ، بٹکرڑا اور بسیاں (صوبہ سرحد) میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز کی تعمیرات کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں تعمیراتی کام کے لئے لاہور سے سامان روانہ کر دیا گیا ہے تاکہ سکولز کی تعمیرات کا کام جلد از جلد مکمل ہو سکے۔ علاوہ ازیں پروگرام آفیسر LACD جناب حافظ شبیر الدین نے متعلقہ جگہوں پر جاکر تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور انہوں نے غزالی نیوز کے نمائندہ خصوصی کو بتایا کہ ہردیو اڈاپل 93 فیصل آباد غزالی سکولز کی بلڈنگ مکمل ہونے کے مراحل میں ہے۔

## اہم اطلاع




ٹرسٹ کے بڑھتے ہوئے کام اور شعبہ جات کے پیش نظر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ہیڈ آفس کو نئی جگہ پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ جس کا پتہ درج ذیل ہے۔

144/2- ایف ماڈل ٹاؤن لاہور

فون نمبر: 042-5882939

فیکس نمبر: 042-5881338

## ویب سائٹ

★ **غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ** کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ ٹرسٹ کے معاونین اور دیگر افراد تک ٹرسٹ کی علمی خدمات کا جائزہ تسلسل اور آسانی کے ساتھ پیش کیا جاتا رہے اسی سلسلے میں ٹرسٹ کی ویب سائٹ www.get.org.pk بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ اس ویب سائٹ میں ادارے سے متعلق بیشتر معلومات فراہم کی گئی ہیں، ٹرسٹ کے زیر انتظام تمام سکولز کا ریکارڈ بھی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ اس ویب سائٹ کی مزید بہتری کے لئے کام جاری ہے۔ خیر خواہانِ غزالی ٹرسٹ اس ویب سائٹ کی اطلاع زیادہ سے زیادہ افراد تک پہنچا کر ٹرسٹ کا پیغام عام کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔ نیز ویب سائٹ کی بہتری کے لئے آپ ٹرسٹ کو info@get.org.pk کے ای میل ایڈریس پر اپنے قیمتی مشوروں سے آگاہ کر سکتے ہیں۔

## سالانہ رزلٹ ڈے تقریبات ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

**تعلیمی سال** کے اختتام پر ۵۲۱ گ ب، ۱۸۰ گ ب، ۱۸۳ گ ب ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سالانہ تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔ جناب سید عامر محمود ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے ان تقریبات میں خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے تقریبات میں خطاب کرتے ہوئے طلباء کی محنت اور شاندار نتائج کی تعریف کی اور پوزیشنز حاصل کرنے والے بچوں میں انعامات اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔ بعد ازاں سکول کے بچوں نے تقریبات میں ملی ترانے، ٹیبلو شو، تقریری مقابلے اور سٹیج ڈرامے بھی پیش کئے۔ نیز ندیم اشرف باجوہ پروگرام آفیسر (PREP)، ریجنل مینجر غریب حسین نسیم اور ڈسٹرکٹ مینجر شوکت علی دیول بھی اس موقع پر موجود تھے۔

## فرمودات غزالیؒ

- تعلیم کا مقصد افراد کی اس طرح تربیت کرنا ہے کہ وہ دینی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے آخرت کی زندگی میں کامیابی حاصل کریں۔
- علم حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ طالبعلم اپنے نفس کو صاف رکھے اور دنیاوی مصروفیات کو کم سے کم کر دے۔
- معلم کو چاہیے کہ وہ اپنے طلباء کے ساتھ ہمدردانہ رویہ رکھے اور اس کا مقصد تدریس کے ذریعے محض رضائے الٰہی کا حصول ہو۔
- دنیاوی معاملات (تجارت، طب، نظام حکومت) کو احسن طریقے سے چلانے کے لیے علم حاصل کرنا فرض کفایہ ہے۔

GET کے شعبہ حصول اراضی و تعمیرات (LACD) کے پروگرام آفیسر حافظ شبیر الدین کے مطابق، شعبہ کے تحت درج ذیل سکولز کی تعمیرات کا کام جاری ہے۔

| سکول / ضلع | ڈونر | رقبہ اراضی | تعمیری مرحلہ |
|---|---|---|---|
| ہردیو، شیخوپورہ | شہزادہ سلیم | 2 کنال | بلڈنگ مکمل تیار، فنشنگ باقی |
| عبداللہ پور، شیخوپورہ | لوکل کمیونٹی | 30 مرلے | 50% کام مکمل |
| بسیاں، مانسہرہ | میڈم شمیم | 2 کنال | نقشہ مکمل، تعمیر جاری |
| برارکوٹ، مانسہرہ | برنس فورم جدہ + میڈم شمیم | 2 کنال 15 مرلے | نقشہ مکمل، تعمیر جاری |
| اڈاپل 93 فیصل آباد (برائے طالبات) | اظہر علی چوہدری | 4 کنال | سپر سٹرکچر مکمل، فنشنگ باقی |
| اڈاپل 93 فیصل آباد (برائے طلبہ) | اظہر علی چوہدری | 4 کنال | 2 کمرے تیار چاردیواری مکمل |

"درد دل کے واسطے پیدا کیا انساں کو"

## عطیۂ زمین برائے غزالی سکولز

★ **غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ملتان ریجن** نے نئے تعلیمی سال کے آغاز پر جنوبی پنجاب کے مختلف دیہی علاقوں میں اپنے نیٹ ورک کو مزید وسعت دیتے ہوئے گزشتہ ماہ ضلع وہاڑی چک 10/WB اور ڈی جی خان دبئی ٹاؤن میں دو نئے سکولز کا آغاز کر دیا ہے۔ آج الحمدللہ وہاں تعلیمی سرگرمیاں عروج پر ہیں جبکہ اہلیانِ علاقہ و مؤثر شخصیات نے غزالی سکولز کے قیام پر غزالی ٹرسٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ٹرسٹ کی کاوشوں کو خراجِ تحسین پیش کیا۔

★ **غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول نور پور** تحصیل کبیر والا ضلع خانیوال کا آغاز ۲۰۰۵ء میں ہوا۔ اساتذہ کی بھرپور محنت اور طلباء کے شاندار نتائج کی بدولت آج یہ سکول علاقہ بھر کے لوگوں کے بھرپور اعتماد اور محبتوں کا مظہر بن چکا ہے۔ اسی اعتماد کی وجہ سے نور پور علاقہ کی معروف علمی شخصیت چوہدری محمد اسلم سجاد بندیشہ نے اپنا سات مرلہ پلاٹ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے نام وقف کر دیا ہے جس سے غزالی سکول نور پور کو مزید وسعت دے دی گئی ہے۔ مزید براں اسلم بندیشہ اور مقامی کمیونٹی نے غزالی سکول کی تعمیرات میں بھرپور تعاون کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ اس تعاون پر ذمہ دارانِ ٹرسٹ نے اُن کا شکریہ ادا کیا ہے۔

## One hope - One smiley face Just waiting for you.......

Ghazali Education Trust has always been more active, enthusiastic and ready to struggle for bringing up the orphans indigent and poverty stricken children studying in their respective schools. This service is still in progress since the inception of the trust without any interval. It is a fact that Pakistani society is crowded with kind-hearted philanthropist and devoted people who express such qualities from time to time. As usual, this year too, Ghazali Education Trust stepped forward to support the orphan and indigent male and female students and filled out their educational necessities. This service was carried out throughout different areas of the country. All this work was done with the arrangements of the organization's head office in a well manner and beautifully. We hope this material that was sent would bring on a permanent and ever-lasting happiness and moments of bearing and smile. This entire luggage was handed over to the Manager of Pakistan Rural Education Program (PREP) Shaheed-ul-Haq Zafar by the member of Board of Directors Aamir Mehmood Cheema. This luggage consisted of school bags, Uniform, Shoes, Books and Stationary for the children.

Ghazali Education Trust continues its services inspite of limited resources with the grave of Almighty Allah and with the collaboration of sympathetic, sincere and devoted people. Not only this work is in progress consistently, but the trust has also initiated the act of diversifying and widening it at a large scale. This specific and successful experience of the trust has enlightened a new ray of hope in the presence of darkness in the society. All praises be to Allah, the trust has always gained the confidence and cooperation at the sympathetic and kind-hearted figures. And this act of cooperation and sympathy is a living example of the Pakistani society where the sentiment of feeling for others and living for others has to survive in any case. Mr. Aamir Mehmood Cheema paid tribute to all those respected ladies and gentlemen who gave a helping to the Ghazali Education Trust in order to continue the educational journey of orphans, deserve and needy children, those children who are a bright future of this country.

## HONOURABLE GUESTS

### Mr. Azhar Ali Choudhary---(Norway)

Muhammad Azhar Ali Chaudhary member of Ghazali Education Trust Forum Norway visited GET's head office as well as Ghazali School Ada Pul No.93 Faisal Abad. He examined the work of building construction that was being carried out under aegis of the GET. During his meeting with Syed Aamir Mehmood Executive Director Ghazali Education Trust, he appreciated the performance of Ghazali Education Trust and shared beneficial suggestions for the betterment of Trust's activities.

### Mr. Younis Shahid — (USA)




Secretary General Foundation of Faithful (FOF) Mr.Younis Shahid visited GET's head office. He was briefed about all the details of running Ghazali Schools in earthquake affected areas and he was inspired by the work and activities of the trust, which he felt are of benefit to the rural Pakistan, specially in earthquake effected areas. He assured that FOF will continue supporting Ghazali Education Trust in order to promote education in earthquake hit areas.

### Dr. Shuja-u-Saleem------------ (USA)



Dr. Shuja-u-Saleem, the renowned physician of Newhamphire city (USA) visited head office of Ghazali Education Trust Lahore. Syed Waqas Jafri, President Ghazali Education Trust warmly welcomed him. He also visited various departments of the Trust. He also exchanged his views with staff members and gave many suggestions for the improvement of firm steps t be taken for orphan and needy children by the trust. He is also a life time member of the Ghazali Education Trust.



## Achievements of Brilliant Students

Mr. Muhammad Bilal Rana a student being supported by Ghazali Education Trust School, Mallian District MianWali gave an excellent performance in annual examination of Fifth class. He got 1st position in the District. Another student from the same School Mr. Humayoun Ijaz has also recorded a good performance. Both the students were selected for the scholarship.

Furthermore students from GET school Moochh Tasmia Zahid and Farhana Kanwal have also selected for scholarship because they got positions in the board. May Allah Almighty bless them been all and help them to gain more success in the future too.

## ONE MORE STEP AGAINST ILLITERACY

Helping hand for relief and development (USA) is arranging different seminars in different cities of the United States of America about Rural Education Program in South Asia, in the months of June and August, Ghazali Education Trust is one of the organizations, that is working in this field and helping hand has invited the GET to participate in these seminars.

Voice Chairman Ghazali Education Trust Dr. Istiaq Ahmad Gondal will participate in seminars as a representative of GET. Some reports, videos and other supportive documents will show GET's progress for the improvement of education in Rural Areas of Pakistan.






# A SEMINAR BY THE R&D


A SEMINAR was arranged by Research & Development department in the Head office of Ghazali Education Trust. Many important personalities from different institutions & organizations participated in this meeting. The purpose of this meeting was to observe the teacher's training system from its start till now (1995-2007) and to point out its strengths and weaknesses. In this meeting Ex- President of GET Dr. Istiaq Ahmad Gondal briefed the participants on the issues. In his briefing, he said that the initial purpose of GET was to train such type of teachers as can provide quality education to the students for the preparation of good Muslims and good Pakistani are brought up.


Many decisions for the improvement of training system were made in the light of discussions and recommendations by the participants. At the end, President GET Syed Waqas Jafri appreciated the event and suggested following up all the decisions at first priority.

## OUR ACHIEVEMENTS FROM 1997-2006.

**Lines of success**








## New Appointments in Head Office

| NAME | DESIGNATIONS | DEPARTMENTS |
|---|---|---|
| *Nadeem Ashraf Bajwa* | *Program Coordinator* | *Research & Development (R&D)* |
| *Sirajurehman* | *Admin Officer* | *Administration* |
| *Hafiz Shabiruddin* | *Program Officer* | *Land Acquisition & Construction Deptt. (LACD)* |
| *Asmat Ullah Qureshi* | *Program Officer* | *Resource Mobilization Deptt. (RMD)* |
| *Kamran Farooq* | *Program Officer* | *Information Technology (I.T)* |
| *M.Atif Farooq* | *Assistant Program Officer* | *Resource Mobilization Deptt. (RMD)* |
| *Syed Waqas Mehdi* | *Assistant Program Officer* | *Research & Development (R&D)* |
| *Zohaib-ul-Hassan* | *Assistant Accounts Officer* | *Finance Department* |
| *Muhammad Shahid Saeed* | *Assistant Program Officer* | *Resource Mobilization Deptt. (RMD)* |


# تصاویر کے آئینے میں



صدر روٹری کلب کو غزالی سکول کے بچے خوش آمدید کہتے ہوئے۔



میڈم شمیم چیئر پرسن جنت الفردوس بِسیاں (مانسہرہ) سکول کی تقریبِ سنگ بنیاد میں شریک ہیں جبکہ عامر محمود ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ٹرسٹ بھی موجود ہیں۔



سید عامر محمود ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ تقریب تقسیم انعامات میں غزالی سکول کے بچوں میں انعامات تقسیم کرتے ہوئے۔





غزالی سکول سنجر سیداں ضلع ڈی جی خان میں تقریب تقسیم بکس، بیگ اور شوز کے دوران ڈسٹرکٹ مینجر جاوید اقبال اخوان بچوں میں بیگ تقسیم کر رہے ہیں۔





ڈاکٹر خواجہ محمود (USA) غزالی ہیڈ آفس کے دورہ کے موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ٹرسٹ سید عامر محمود کے ہمراہ



سوڈان سے آئے ہوئے وفد کو ٹرسٹ کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے۔




زلزلہ زدہ علاقے برار کوٹ میں قائم غزالی سکول میں بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔



غزالی سکول 183 گ ب میاں کوٹ میں تقریب تقسیم انعامات کا ایک منظر



غزالی سکول دھریمہ سرگودھا میں اسمبلی کے دوران بچوں کے نظم و ضبط کا ایک مظاہرہ۔



صدر غزالی ٹرسٹ سید وقاص جعفری اور FOF (USA) کے ذمہ داران یونس شاہد اور ڈاکٹر حفیظ غزالی سکول بسیاں (مانسہرہ) کے دورہ کے موقع پر



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے شعبہ LACD کی طرف سے غزالی سکولز کی تعمیرات کا ایک منظر۔